کوئی بھی اس جماعت کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ یہاں تک کہ قیامت آجائے گی اور وہ جماعت اہلحدیثوں کی جماعت ہے، جن کو کوئی بھی فرقہ جماعت، خواہ وہ مقلد ہو خواہ وہ اہل بدعت ہو، خواہ وہ مشرک ہو خواہ وہ بریلوی ہو، خواہ وہ حنفی ہو خواہ وہ شیعہ ہو، خواہ وہ مرزائی ہو جو بھی فرقہ جماعت ہو اس مسلک حق کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حق (دین) کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ ہاں اللہ کی توحید کے ماننے والوں اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو ماننے والوں کو جانی نقصان ہر دور میں پہنچا ہے۔ لیکن اس مسلک حق اہلحدیث کو کوئی نقصان نہیں پہنچ سکتا۔ دوسری روایت میں حضور ﷺ نے اس جماعت کی تحریری اور تقریری تبلیغی ومجاہدانہ کوششوں کا اعلان کچھ اس طرح فرمایا:

لاتزال طائفة من امتی تقاتلون علی الحق حتی تقوم الساعة

ترجمہ:

ہمیشہ ہر زمانے میں میری امت سے ایک جماعت احقاق حق کیلئے گمراہ فرقوں سے (تحریری و تقریری) لڑتی جھگڑتی رہے گی یہاں تک کہ قیامت آجائے گی۔

اصل جماعت کون؟

امام ابوحنیفہ کی پیدائش 80ھ اور وفات 150ھ میں ہوئی

امام مالک کی پیدائش 93ھ اور وفات 179ھ میں ہوئی

امام شافعی کی پیدائش 150ھ اور وفات 241ھ میں ہوئی

ظاہر ہو چکا ہے کہ حنفی مذہب کی ابتداء 80ھ کے بعد شروع ہوتی ہے۔ مالکی مذہب کی ابتداء 93ھ سے شروع ہوتی ہے، شافعی مذہب کی ابتداء 150ھ کے بعد شروع ہوتی ہے۔ حنبلی مذہب کی ابتداء 164ھ کے بعد شروع ہوتی ہے۔ ان سب سے پہلے کوئی بھی صحابی کوئی بھی تابعی کوئی بھی محدث حنفی نہیں کوئی ان میں سے مالکی نہیں۔ کوئی ان میں سے شافعی نہیں، کوئی ان میں سے حنبلی نہیں۔ میں کہتا ہوں صحابی بھی سارے اہلحدیث، وہابی بھی سارے اہلحدیث ہیں ان شاءاللہ۔

ہمارا کام ہے کہنا بتا دینا
تمہاری مرضی ہے مانو یا نہ مانو

اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحیح طریقے سے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

وما علینا الا البلاغ المبین

درخواست دعائے صحت

جماعت اہلحدیث کے معروف خطیب حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالکریم ساجد صاحب ناظم جامعہ عائشہ للبنات گوجرانوالہ ایک حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے۔ اب اپنے گھر واقع اسحٰق کوٹ گوجرانوالہ میں ہی زیر علاج ہیں۔ قارئین سے التماس ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کیلئے صحت کی دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے آمین۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جماعت کے معروف قلمکار مولانا طاہر نقاش صاحب ابن لعل دین ان دنوں صاحب فراش ہیں۔ اپریشن کے بعد گھر میں علاج کروا رہے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ مولانا موصوف کی صحت کیلئے دعا فرمائیں تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ دین اسلام کی خدمت کر سکیں۔

منجانب ادارہ ترجمان الحدیث

اظہار تعزیت

چوہدری نذیر احمد خان صاحب کا سانحہ ارتحال

گذشتہ دنوں مرکزی جمعیت اہلحدیث گرمولہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ کے امیر چوہدری نذیر احمد خان صاحب اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جماعتی تڑپ رکھنے والے بڑے صالح اور بہادر انسان تھے۔ صوم وصلاۃ کے پابند تھے اور پنچایت وغیرہ میں عدل و انصاف کے تقاضے سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کیا کرتے تھے۔ گاؤں میں مسلک اہلحدیث وجماعت اہلحدیث کے لئے ایک ڈھال تھے۔ جن کی وفات سے جماعت اپنے ایک عظیم محسن سے محروم ہو گئی ہے۔ ادارہ لواحقین خصوصاً حافظ اشفاق الرحمٰن شجاع صاحب ناظم تبلیغ مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع گوجرانوالہ کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔

حکیم محمد رفیق صاحب کی وفات حسرت آیات

مرکزی جمعیت اہلحدیث راہوالی ضلع گوجرانوالہ کے ناظم حکیم محمد رفیق صاحب اچانک حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم انتہائی نیک صوم وصلوٰۃ کے پابند اور متقی انسان تھے۔ جماعتی امور میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے، اپنی ملنساری کی وجہ سے ہر دلعزیز تھے۔ گذشتہ دنوں ظہر کی نماز کیلئے مرکزی مسجد جی ٹی روڈ راہوالی میں وضو کرتے ہوئے حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے۔

ادارہ ترجمان الحدیث لواحقین خصوصاً حکیم سرفراز احمد، خالد محمود کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

مومن بخیل نہیں ہوسکتا (حدیث)
AC
امین کیمیکلز
Ph: 640340,634228
Mob: 0303-6701190
Mob: 0300-6604376
Res: 634399
امپورٹ اینڈ سٹاکسٹ آف کیمیکلز
پروپرائیٹرز ایس ایم بلال امین
بالمقابل M.C.B۔ غلہ منڈی ریل بازار فیصل آباد